دوسری جماعت کے لیے

# اِسلامیات



نیلما کنول

BOOKMARK

# کلمے

مقصد: کلمے، قرآنی سورتیں اور روز مرہ پڑھی جانے والی دعائیں یاد کرانا۔

تیسرا کلمہ تمجید ہے۔ تمجید کے معنی ہیں ''بزرگی۔''

تیسرا کلمہ تمجید: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۝ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**

کلمہ تمجید میں ہم اللہ تعالیٰ کی بزرگی و برتری بیان کرتے ہیں جبکہ کلمہ توحید میں ہم اللہ تعالیٰ کی وحدانیت بیان کرتے ہیں۔

''میں اللہ کی پاکی بیان کرتا/کرتی ہوں اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بہت بلند شان اور عظمت والا ہے۔''

چوتھا کلمہ توحید ہے۔ توحید کے معنی ہیں ''اکیلا۔''

چوتھا کلمہ توحید: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں۔ اُسی کی بادشاہی ہے اور اُسی کے لیے تمام تعریف ہے۔ وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہے گا اُس کو کبھی موت نہیں آئے گی وہ بڑے جلال اور بزرگی والا ہے اُس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

**سرگرمی** دونوں کلمے زبانی سنائیے۔

**ہدایات** کلمے بمعہ ترجمہ زبانی یاد کرائیں۔ ترجمہ میں دی گئی اللہ تعالیٰ کی صفات کو مثال دے کر سمجھائیں مثلاً اللہ تعالیٰ قادر ہے یعنی وہ ہر کام کر سکتا ہے، اس کو کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں اور ہر کام اس کے حکم کے مطابق ہوتا ہے۔

# قرآنی سورتیں

## سُوْرَۃُ الْفَاتِحَہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ
الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

''سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ ہمیں سیدھی راہ دکھا۔ اُن لوگوں کی راہ جن پر تو نے انعام کیا۔ اُن کی نہیں جن پر تو نے غضب کیا اور نہ اُن کی جو گمراہ ہوئے۔''

### قرآنی معلومات

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَہ واحد سورۃ ہے جو نماز کی ہر رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔ اور اس سورۃ کے بغیر نماز نہیں ہوتی ہے۔

# قرآنی سورتیں

## سُوْرَۃُ العَصْر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

"زمانے کی قسم۔ بے شک انسان بڑے نقصان میں ہے۔ سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے اور ایک دوسرے کو حق کی ہدایت اور صبر کی نصیحت کرتے رہے۔"

**قرآنی معلومات**

سُوْرَۃُ العَصْر میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کی خوبیاں بیان کیں ہیں یعنی ایمان لانا، نیک اعمال کرنا آپس میں حق بات کی ہدایت کرنا اور ایک دوسرے کو صبر کی نصیحت کرنا۔

**ہدایات:** سورتیں زبانی یاد کرائیں۔ دی گئی قرآنی معلومات کو آسان الفاظ میں سمجھائیں اور یاد بھی کرائیں نیز سورتوں کا مکمل مفہوم جاننے کے لیے قرآن کی تفسیر کا مطالعہ ضرور کریں۔

# پیاری دُعائیں



۱۔ سونے سے پہلے یہ دُعا پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى**

(اے اللہ تیرے نام سے سوتا/سوتی ہوں اور تیرے ہی نام سے جاگتا/جاگتی ہوں)



۲۔ جب سو کر اُٹھیں تو یہ دُعا پڑھیں:

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ**

(سب تعریفیں صرف اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں زندہ کیا مرنے کے بعد اور ہم کو اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے)



۳۔ گھر سے نکلتے وقت یہ دُعا پڑھیں:

**بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ**

(شروع اللہ کے نام سے۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ گناہوں سے بچنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے)



۴۔ گھر میں داخل ہوں تو یہ دُعا پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلِجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا**

(اے اللہ! میں آپ سے گھر میں داخل ہونے اور گھر سے باہر نکلنے کی بھلائی مانگتا/مانگتی ہوں، میں اللہ کے نام سے داخل ہوا/ہوئی اور اللہ پر بھروسہ کیا)

---

**ہدایات**

تمام دعائیں زبانی یاد کرائیں اور موقع کی مناسبت سے ان دعاؤں کو پڑھنے کی عادت ڈالی جائے مثلاً اسکول جاتے وقت دعا نمبر ۳ اور واپسی پر دعا نمبر ۴ پڑھیں۔ نیز دعاؤں کے ساتھ آداب بھی بتائیں مثلاً گھر میں داخل ہوتے وقت سلام بھی کریں۔


# اللہ تعالیٰ

مقصد: اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور خصوصیات بیان کرنا۔

پیارے بچو! اللہ تعالیٰ ہمارا خالق اور مالک ہے۔ اُس نے ہمیں پیدا کیا۔ وہ ہمارے امّی ابّو سے بھی زیادہ پیار کرتا ہے۔ ہمارا خیال رکھتا ہے اور ہر وقت ہماری خبر رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نظر نہیں آتا لیکن وہ ہمیں دیکھ رہا ہوتا ہے۔

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**


انسان اللہ کا جتنا شکر ادا کرتا ہے اللہ اس کو اور زیادہ نعمتیں دیتا ہے۔



پیارے بچو! کیا یہ بڑے بڑے پہاڑ، دریا، درخت، سورج، چاند اور تارے خود بخود بنے ہیں یا کوئی ایسا ہے جس نے ان سب چیزوں کو بنایا ہے؟ بے شک وہ صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

ہم بڑے بڑے گھر، گاڑیاں، جہاز وغیرہ تو بنا سکتے ہیں لیکن ہوا، پانی، پھل، سبزیاں یا مختلف جانور نہیں بنا سکتے۔ اِن سب کو صرف اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ:

''اللہ نے جو بھی چیز بنائی بہت اچھی بنائی اور انسان کو مٹی سے بنایا۔'' (سورۃ سجدہ:۷)



اسلامیات کا یہ نصابی سلسلہ ابتدائی اوّل (نرسری) جماعت سے آٹھویں جماعت تک کے طلبا کے لیے اپنی نوعیت کا ایک منفرد سلسلہ ہے۔ اس کتب کو مرتب کرتے وقت طلبا کی ذہنی استعداد کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔ لہٰذا آسان اور عام فہم زبان میں اسلام کے بنیادی عقائد کو نہ صرف خوب صورت انداز میں پیش کیا گیا ہے بلکہ اس طرح کی سرگرمیاں بھی ترتیب دی گئی ہیں جو اسلامی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنانے میں بے حد مددگار ہوں گی۔

اساتذہ کی بہترین رہنمائی کے ساتھ ساتھ طلبا کی ذہنی نشوونما کے لیے ایسی مشقیں ترتیب دی گئی ہیں جو طلبا میں غور و فکر کی عادت پیدا کرنے، اعلیٰ کردار کی تعمیر کرنے، صحت مند اسلامی معاشرے کی بنیاد ڈالنے اور معاشرتی مسائل کو حل کرنے میں ان کی معاون ثابت ہوں۔

حکومت پاکستان کی نئی تعلیمی پالیسی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ان کتابوں کا مواد قرآن و سنت کی روشنی میں مستند ذرائع استعمال کرتے ہوئے جمع کیا گیا ہے اور نصاب کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ طلبا آگے چل کر بورڈ کے امتحانات میں بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں۔ اس بات کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ کتابیں مکمل طور پر جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں تاکہ مضمون میں طلبا کی دل چسپی مسلسل برقرار رہے۔ اس سلسلے کو مزید بہتر بنانے میں ہم اساتذہ اور والدین کی مفید آرا کے منتظر رہیں گے۔

Helpline
+923363-008-008

For your suggestions and feedback, write us at: info@bookmark.com.pk

Follow us on:

/BookmarkPublishing
/bookmarkpublishingpak
/infobookmark
/bookmarkpublishing
/bookmarkpublishing
www.bookmark.com.pk